مزید فیہ: أَسْلَمَ

اب ہم لیتے ہیں تیسرا مزید فیہ : أَسْلَمَ (سَلِمَ ← أَسْلَمَ)۔ فَعَلَ کے اور أَسْلَمَ کے صیغے بنانے میں بہت زیادہ فرق نہیں ہے۔ سامنے والے ہمزہ کو مختلف صیغوں میں ساتھ لے کر چلنا ہے۔ اس طرح کے افعال قرآن کریم میں تقریبًا **4500** بار آتے ہیں۔ یہ مزید فیہ کی سب سے اہم قسم ہے۔

- مضارع کی چابی: يُسْلِمُ۔ شروع کا ہمزہ غائب ہو گیا، کمزور حرف کی طرح۔ یعنی يُأَسْلِمُ کے بجائے يُسْلِمُ۔
- امر کی چابی: : أَسْلِمْ۔ ماضی کی چابی کے آخری حرف سے پہلے زیر لگائیے اور آخری حرف پر سکون لگائیے۔
- اسم فاعل یا اسم مفعول: ماضی کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف سے پہلے زیر یا زبر: مُسْلِم، مُسْلَم (شروع کا ہمزہ غائب ہو گیا، کمزور حرف کی طرح، یعنی مُأَسْلِم، مُأَسْلَم کے بجائے مُسْلِم، مُسْلَم)

أَسْلَمَ: اس نے حکم مانا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

فعل ماضِ		فعل مضارِع		فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام	
أَسْلَمَ	اس نے حکم مانا	يُسْلِمُ	وہ حکم مانتا ہے	أَسْلِمْ	حکم مان!
أَسْلَمُوْا	ان سب نے حکم مانا	يُسْلِمُوْنَ	وہ سب حکم مانتے ہیں	أَسْلِمُوْا	حکم مانو!
أَسْلَمْتَ	آپ نے حکم مانا	تُسْلِمُ	آپ حکم مانتے ہیں	لَا تُسْلِمْ	مت حکم مان!
أَسْلَمْتُ	میں نے حکم مانا	أُسْلِمُ	میں حکم مانتا ہوں	لَا تُسْلِمُوْا	مت حکم مانو!
أَسْلَمْتُمْ	آپ سب نے حکم مانا	تُسْلِمُوْنَ	آپ سب حکم مانتے ہیں	مُسْلِم	حکم ماننے والا
أَسْلَمْنَا	ہم سب نے حکم مانا	نُسْلِمُ	ہم سب حکم مانتے ہیں	مُسْلَم	جس کا حکم مانا گیا
أَسْلَمَتْ	اس عورت نے حکم مانا	تُسْلِمُ	وہ عورت حکم مانتی ہے	إِسْلَام	حکم ماننا

عربی بول چال

هَلْ يُسْلِمُ لِلّٰهِ؟	نَعَمْ، يُسْلِمُ لِلّٰهِ.
هَلْ يُسْلِمُوْنَ لِلّٰهِ؟	نَعَمْ، يُسْلِمُوْنَ لِلّٰهِ.
هَلْ تُسْلِمُ لِلّٰهِ؟	نَعَمْ، أُسْلِمُ لِلّٰهِ.
هَلْ تُسْلِمُوْنَ لِلّٰهِ؟	نَعَمْ، نُسْلِمُ لِلّٰهِ

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل ماضِ: هَلْ أَسْلَمُوْا لِلّٰهِ؟ نَعَمْ، أَسْلَمُوْا لِلّٰهِ.
- فعل امر: أَسْلِمْ لِلّٰهِ! أُسْلِمُ لِلّٰهِ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ؟ نَعَمْ، نَحْنُ مُسْلِمُوْنَ.

أَسْلَمَ ہی کی طرح أَرْسَلَ (اس نے بھیجا) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔